Regd No. L. 5254

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۹/۴۴ ۲۸ تبلیغ ۱۳۳۴ ہش ۲۸ فروری ۱۹۵۵ء نمبر ۵۱

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی عیادت کے لئے دور و نزدیک کے علاقوں سے احباب کرام کی ربوہ میں آمد

ربوہ ۲۷ فروری لاہور سے جناب چوہدری اسد اللہ خان صاحب امیر جماعت لاہور، شیخ بشیر احمد صاحب، مرزا مظفر احمد صاحب، ڈاکٹر جلال الدین صاحب شمس، سرگودہا سے جناب شیخ محمد اقبال صاحب پراچہ اور ان کے بھائی فضل الرحمٰن صاحب پراچہ۔ جناب ڈاکٹر حافظ مسعود احمد صاحب۔ چوہدری غلام محمد صاحب۔ میر محمد بخش صاحب وکیل امیر جماعت احمدیہ گوجرانوالہ اور ملک خدا بخش صاحب جوہر آباد سے بغرض عیادت تشریف لائے۔

بعض دوستوں نے فون پر حضور اقدس کی صحت کے متعلق دریافت فرمایا۔ جن میں چوہدری عبدالرحمٰن صاحب امیر جماعت ملتان، سیٹھ اللہ جوایا صاحب ملتان۔ مرزا حمید احمد صاحب کراچی۔ امیر جماعت صاحب جہلم اور محمد صادق صاحب جہلم شامل ہیں۔ انہوں نے اطلاع دی ہے۔ کہ تار ...

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے متعلق اطلاع

فالج کا اثرات قریباً دُور ہو چکا ہے۔ کچھ کمزوری بائیں ہاتھ میں ابھی باقی ہے۔

احباب حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کاملہ و عاجلہ کیلئے درد دل سے دعائیں جاری رکھیں

ربوہ ۲۷ فروری۔ آج صبح حضور اقدس کی صحت کے متعلق محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب نے حسب ذیل رپورٹ ارسال فرمائی ہے۔

رات دو بجے کے قریب لاہور سے ڈاکٹر پیرزادہ صاحب اور ڈاکٹر محمد یعقوب خان صاحب تشریف لائے۔ اور حضور کا معائنہ کیا۔ اور کہا کہ فالج کے حملہ کا اثر بہت حد تک دُور ہو چکا ہے۔ ان کے نزدیک فالج کے حملہ کی وجہ خون کے دباؤ کا یکدم بڑھ جانا اور دماغ کی شریانوں کا سکڑ جانا تھا۔ جو بفضلہ تعالےٰ جلد معمول پر آگیا۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔ انہوں نے بتایا کہ بائیں ہاتھ کی انگلیوں پر بھی کچھ اثر ہے۔ اور زبان پر بھی خفیف اثر ہے۔ باقی حصہ پر سے فالج کا اثر ختم ہو چکا ہے۔

اس حملہ کی وجہ سے رات حضور کو بے چینی اور بے خوابی بہت رہی۔ اور سر میں درد بھی رہی۔ صبح مکرم جناب ڈاکٹر پیرزادہ صاحب نے پھر معائنہ کیا۔ ان کے خیال میں فالج کا اثرات قریباً دُور ہو چکا ہے۔ کچھ کمزوری بائیں ہاتھ میں ابھی باقی ہے۔

احباب حضور کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے درد دل سے دعائیں جاری رکھیں۔ فالج کے حملہ کے بعد احباب جماعت کو تاروں کے ذریعہ پاکستان اور بیرونی ممالک میں دعا کے لئے اطلاع دے دی گئی تھی۔

پونے دو بجے بعد دوپہر کی اطلاع

ربوہ ۲۷ فروری۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے متعلق مکرم جناب پرائیویٹ سکرٹری صاحب کی طرف سے پونے دو بجے بعد دوپہر کی حسب ذیل اطلاع موصول ہوئی ہے۔

اس وقت حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی طبیعت خدا تعالےٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ بلڈ پریشر ۱۳۴ ہے۔ بائیں بازو میں قدرے کمزوری اور بے حسی ہے۔ احباب صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے دعائیں جاری رکھیں۔ (ڈاکٹر حشمت اللہ)

تار ملتے ہی احباب جماعت نے اکٹھے ہو کر دعا کی۔ اور بکرے صدقہ کئے گئے۔ ربوہ میں مختلف محلہ جات میں مجموعی دعا کے علاوہ صدقہ بھی دیا گیا۔

فون اور تاروں کے ذریعہ حضور ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی صحت دریافت کرنے کا سلسلہ برابر جاری ہے۔ آج میاں عطا ءاللہ صاحب امیر جماعت احمدیہ راولپنڈی نے بھی فون پر حضور ایدہ اللہ تعالےٰ کی خیریت دریافت کی۔ نزدیک کے جو دوست حضور کی صحت دریافت کرنے تشریف لائے۔ ان میں مکرم مرزا عبدالحق صاحب امیر جماعت ہائے احمدیہ صوبہ پنجاب بھی شامل ہیں۔

پرنٹر و پبلشر مسعود احمد نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں طبع کرا کر دفتر الفضل ربوہ سے شائع کیا۔

ایڈیٹر - روشن دین تنویر